فوری ریلیز کے لیے: 19/8/2022 ***KATHY HOCHUL گورنر***

گورنر HOCHUL نے ریاست نیویارک کو بائیڈن انتظامیہ کی جانب سے 500$ ملین سے زیادہ ایوارڈ کرنے کا اعلان کیا ہے تاکہ امریکی ریسکیو منصوبے کے ذریعے چھوٹے کاروباروں کی معاونت کی جائے

امریکی محکمۂ خزانہ کے ریاستی چھوٹے کاروباری کریڈٹ کے اقدام کی جانب سے فنڈنگ سے کاروباروں کو COVID-19 کی عالمی وبا کے اقتصادی اثرات سے باہر نکلنے میں معاونت ملے گی

جس میں اقلیتوں اور خواتین کے زیرِ ملکیت چھوٹے کاروباروں کے لیے فنڈنگ بھی شامل ہے

گورنر Kathy Hochul نے آج اعلان کیا ہے کہ ریاست کے چھوٹے کاروباری کریڈٹ کے اقدام کے ذریعے وفاقی فنڈز میں نیویارک ریاست کو 501.5$ ملین ایوارڈ کیے جائیں گے، جس کو امریکی ریسکیو منصوبے کے ایکٹ کے حصے کے طور پر دوبارہ مجاز بنایا گیا تھا اور توسیع دی گئی تھی۔ امریکی محکمۂ خزانہ کے زیرِ انتظام، SSBCI چھوٹے کاروباروں کے لیے معاونتی پروگرامز کو فنڈ فراہم کرتا ہے، جہاں ان پر توجہ مرکوز کی جاتی ہے جو ابھی تک COVID-19 کی عالمی وبا کے اثرات سے نبرد آزما ہیں، اور عالمی وبا کے بعد کے معاشی حالات میں پسماندگی کے شکار چھوٹے کاروباروں کو کامیاب بنانے میں مدد کی جاتی ہے۔

"چھوٹے کاروبار ہماری معیشت کے لیے ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں، اور بہت ہی زیادہ چھوٹے کاروباری مالکان ابھی تک عالمگیر وباء کا معاشی بوجھ محسوس کر رہے ہیں،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "یہ تاریخی فنڈنگ کایا پلٹ دے گی - جو چھوٹے کاروباروں کے لیے ایک اہم بقائی لکیر کا کام کرے گی، جدید ترقی کو بنیاد فراہم کرے گی، اور ریاست نیویارک کے طول و عرض میں سب سے زیادہ زدپذیر کمیونٹیز کو اُبھارنے میں مدد کرے گی۔ میں امریکی ریسکیو منصوبے پر قیادت کے لیے صدر Biden، سیکرٹری Yellen، سینیٹر Schumer، سینیٹر Gillibrand اور نیویارک کانگریسی وفد میں ڈیموکریٹس کا شکریہ ادا کرتی ہوں اور امپائر سٹیٹ کی معیشت کو آگے لے جاتے ہوئے باہم مل کر کام جاری رکھنے کے لیے منتظر ہوں۔"

سیکرٹری خزانہ Janet L. Yellen نے کہا، "امریکی ریسکیو منصوبے کے ذریعے کاروباری مہم جوئی، چھوٹے کاروباروں کی ترقی، اور جدت میں یہ ایک تاریخی سرمایہ کاری ہے جو روایتی طور پر پسماندگی کی شکار کمیونٹیز کے لیے سرمائے تک رسائی کی راہ میں حائل رکاوٹوں کو کم کرنے میں مدد دے گی۔ مجھے یہ دیکھ کر خوشی ہو رہی ہے کہ SSBCI کے فنڈز کیسے نیویارک میں اور ملک بھر میں مساوی معاشی ترقی کو فروغ دیں گے۔"

امریکی سینیٹ کے اکثریتی لیڈر Charles E. Schumer نے کہا، "500$ ملین کی یہ تاریخی سرمایہ کاری، نیویارک کے چھوٹے کاروباروں کو ملنے والی ایک ایسی توانائی ہے جو عالمی وبا سے بحالی اور اپنی مقامی معیشتوں کو دوبارہ تعمیر کرنے کے لیے درکار ہے۔ یہ وفاقی معاونت پسماندگی کے شکار کاروباروں کی معاونت کرے گی، صنعتکاری اور صاف توانائی جیسی بنیادی صنعتوں میں کاروباری مہم جوئی اور چھوٹے کاروباروں میں سرمایہ کاری کرے گی تاکہ قوم کے لیے فراہمی کے سلسلے کی مشکلات پر قابو پایا جائے، اور ایسی کمیونٹیز میں اچھی اجرتوں والی ملازمتیں پیدا کی جائیں جہاں ان کی سب سے زیادہ ضرورت ہے۔ *ایک اکثریتی رہنما کے طور پر، میں نے امریکی ریسکیو منصوبے کے حصے کے طور پر ریاستی* چھوٹے کاروباری کریڈٹ اقدام کی وفاقی سرمایہ کاری حاصل کرنے کے لئے جدوجہد کی ہے تاکہ عالمی وبا کے دوران قوم کے چھوٹے کاروباروں کو درپیش ناگہانی مشکلات پر قابو پایا جائے اور مجھے فخر ہے کہ اب نیویارک کو یہ وفاقی فنڈنگ ادا کی جا رہی ہے کہ وہ اپنی بحالی

کی رفتار بڑھانے کے لیے، اور مستقبل میں ہماری معیشت کو رواں دواں رکھنے کے لیے، ریاست کے چھوٹے کاروباروں اور صنعتکاری کی بنیاد کی تعمیر کر سکیں۔"

سینیٹر Kirsten Gillibrand نے کہا، "مجھے بے حد فخر ہے کہ امریکی ریسکیو منصوبے میں SSBCI کے لیے یہ تاریخی وفاقی فنڈنگ حاصل کرنے میں مدد کر پائی۔ یہ فنڈنگ ہماری ریاست کے چھوٹے کاروبار مالکان کے لیے اہم وسائل فراہم کرے گی اور سرمائے تک رسائی کو بڑھائے گی۔ نیویارک کے چھوٹے کاروباروں کے لیے جان لڑانے کا مطلب اپنی ریاست کے روشن مستقبل اور معاشی خوشحالی کی جنگ لڑنا ہے۔"

نمائندہ Carolyn Maloney نے کہا، "چھوٹے کاروبار نیویارک شہر کا جوہر حیات ہیں، لیکن بدقسمتی سے، اُن کو COVID-19 کے بحران نے بری طرح شکستہ کر دیا تھا۔ مجھے خوشی ہے کہ کانگریس امریکی ریسکیو منصوبہ پیش کر سکی، جس نے بہت سے افراد اور چھوٹے کاروباروں کی مدد کی ہے جو شہر میں اور ریاست بھر میں جدوجہد کر رہے تھے۔ آج، ARP سے فنڈنگ حاصل کرنے کی جانب ایک اہم قدم اٹھایا جا رہا ہے جو ان لوگوں کی جیبوں میں جا رہی ہے جنہیں اس کی سب سے زیادہ ضرورت ہے کیونکہ وائٹ ہاؤس (The White House) نے امریکی ریسکیو منصوبے کے ریاستی چھوٹے کاروباری کریڈٹ اقدام (SSBCI) کے تحت رسمی طور پر نیویارک ریاست کے لیے 501$ ملین کے چھوٹے کاروبار کے فنڈنگ منصوبے کی منظوری دے دی ہے۔ میں گورنر Hochul کو سراہتی ہوں کہ انہوں نے صدر کے ساتھ اس قدر دلجمعی سے کام کیا تاکہ ہمارے ضرورت مند چھوٹے کاروبار اپنے دروازے کھلے رکھ سکیں۔"

نمائندہ Gregory Meeks نے کہا، "چھوٹے کاروبار ہماری معیشت کے لیے ریڑھ کی ہڈی ہیں۔ گورنر Hochul نے امریکی ریسکیو منصوبے کے SSBCI فنڈز کو اُس منصوبہ بندی کے ساتھ استعمال کیا جو عالمی وبا کے بعد کے معاشی حالات میں چھوٹے کاروباروں کے ادا کردہ لازمی کردار کی اہمیت کو پیشِ نظر رکھتی ہے۔ یہ، بالخصوص اقلیتوں اور خواتین کے زیرِ ملکیت کاروباروں کے لئے ضروری وسائل اور معاونت فراہم کرے گا، تاکہ ان کی مسلسل ترقی کی راہ میں درپیش بنیادی ڈھانچے کی اور ادارتی مشکلات کو حل کیا جائے۔"

امپائر سٹیٹ ڈویلپمنٹ کی صدر، CEO اور کمشنر Hope Knight نے کہا، "COVID-19 کے تباہ کن اثرات کی زد میں بری طرح آنے والوں میں نیویارک کا شمار ہوتا ہے، اور ہماری ریاست کے کئی چھوٹے کاروبار ابھی تک بحالی کی کوششوں میں سرگرمِ عمل ہیں۔ SSBCI فنڈنگ ان کاروباروں کی بڑی حد تک مدد کرے گی، بالخصوص ان کی جو تاریخی طور پر پسماندگی کے شکار ہیں، جیسے MWBEs۔ کاروباروں کی ضروریات کو ذہن میں رکھتے ہوئے تیارکردہ پروگرامز کے ایک امتزاج کے ذریعے، ESD اس بات کو یقینی بنائے گا کہ یہ اہم معاونت ان تک پہنچے جو اس کے سب سے زیادہ مستحق ہیں۔"

امپائر سٹیٹ ڈویلپمنٹ کے ذریعے، ریاست نیویارک ایسے پروگرامز کا ایک نظام بنا رہی ہے جو ریاست کے چھوٹے کاروباروں کی اہم ضروریات کی وفاقی معاونت کے مطابق ہوں گے۔ اس پروگرامنگ میں نئے اقدامات اور موجودہ پروگرامز کی توسیع کا ایک امتزاج شامل ہے، جس میں سرمائے تک رسائی، قرضوں کی ضمانتوں، قرضوں کے شمولیتی پروگرامز، ہمعصر معاونت، فنڈ مینیجرز اور سٹارٹ اپس کے لیے قسمت آزمائی کے سرمائے، اور تکنیکی معاونت پر توجہ مرکوز رکھی گئی ہے۔ مجوزہ پروگرامز میں یہ شامل ہے:

سرمائے تک رسائی کا پروگرام (Capital Access Program):

- **$29.4 ملین سرمائے تک رسائی کا پروگرام (موجودہ پروگرام کی توسیع)** - یہ پروگرامز قرض دہندگان کو پورٹ فولیو کا بیمہ فراہم کرتے ہیں جو چھوٹے کاروباروں کو قرضے دیتے ہیں تاکہ ان اداروں تک قرض کی توسیع کی حوصلہ افزائی کی جائے۔

باکفایت قرض کے پروگرامز (Affordable Debt Programs):

- **$106.1 ملین سرمائے کے قرض کا فنڈ (نیا پروگرام)** - جو قرضے کے طریقوں اور کریڈٹ کے ڈھانچوں کے ذریعے طویل مدتی سرمائے کی سرمایہ کاری فراہم کرتے ہیں۔ سرمائے کے ان قرضہ

جات کے استعمال کے مجاز طریقوں میں بےحد گنجائش پائی جاتی ہے، جس میں معاشرتی اور معاشی طور پر پسماندہ کاروباروں کی معاونت کے لئے سرمائے کی فراہمی کو مقدم رکھا جاتا ہے۔

- **$55.5 ملین چھوٹے کاروبار کے گردشی قرضے کا فنڈ (موجودہ پروگرام میں توسیع)** - یہ فنڈ سرمائے تک غیر مساوی رسائی کا سدباب کرے گا، تاکہ نئی کمپنیوں، بینکوں کی سہولیات کے فقدان والی کمیونٹیز، ممکنہ طور پر اقلیتوں کے زیرِ ملکیت چھوٹے کاروباروں کو درپیش خامیاں دور کی جائیں۔
- **$47 ملین نیویارک فارورڈ قرضہ جاتی فنڈ (موجودہ پروگرام کی توسیع)** - قرضے کا ایک پروگرام جس میں سرمایہ کاروں کی جانب سے مل جل کر سرمایہ ڈالا جاتا ہے، تاکہ شراکت کرنے والے کمیونٹی ڈویلپمنٹ فنانشل انسٹیٹیوشن (Community Development Financial Institution, CDFI) کے قرض دہندگان کے ذریعے، چھوٹے کاروباروں اور غیر منافع بخش تنظیموں کو گنجائشی، کم سُود والے قرضے دیئے جائیں۔
- **$22 ملین کا ضمانتی معاہدے کا پروگرام (موجودہ پروگرام کی توسیع)** - چھوٹے کاروباروں کے لیے معاہدے کرنے سے منسلکہ خطرات کو کم کرنے کے لئے ضمانتی معاہدے فراہم کرتا ہے۔
- **$22 ملین کا ٹھیکیدار کی سرمایہ کاری کے لیے گردشی قرض کا فنڈ (نیا پروگرام)** - وفاقی، ریاستی، اور مقامی ٹھیکیداروں کے حصول کے لیے میچنگ ڈالرز کے ضرورت مند ٹھیکیداروں کو مطلوبہ فنڈنگ فراہم کرتا ہے۔

قسمت آزمائی کی مساویانہ سرمایہ کاریاں:

- **$102 ملین کا نئے ابھرنے والے اور علاقائی شراکت دار کے پروگرام کا فنڈ (نیا پروگرام)** - یہ پروگرام متنوع، نئے ابھرنے والے، اور علاقائی نجی سیکٹر کے فنڈ مینیجرز کی ترقی اور قیام کی معاونت کرتا ہے۔
- **$52 ملین کا کمیونٹی اور علاقائی شراکت دار پروگرام کا فنڈ (نیا پروگرام)** - ESD منتخب شدہ ایکسلریٹرز کو فنڈز فراہم کرے گا جس کو نجی ڈالرز سے فائدہ پہنچایا جائے گا تاکہ ریاست نیویارک کی سٹارٹ اپ کمپنیوں میں سرمایہ کاری کی جائے۔
- **$30 ملین کا ابتدائی منافع سے قبل اور ہم منفعت فنڈ پروگرام (نیا پروگرام)** - ESD نیویارک کی ریاست بھر میں اینجل گروپس اور ابتدائی منافع سے قبل کے سرمایہ کاروں کے ساتھ کام کرے گا تاکہ تیزی سے ترقی کرنے والی سٹارٹ اپ کمپنیوں کی فروغ اور ترقی کے اولین مراحل میں معاونت کی جائے۔
- **$35 ملین کا ریاست نیویارک میں جدت آمیز قسمت آزمائی کے سرمائے کا فنڈ (موجودہ پروگرام کی توسیع)** - 2015 سے، ESD نے نیویارک قسمت آزمائی فنڈ کا انتظام کیا ہے، جو 40 سے زائد پورٹ فولیو کمپنیوں کے ہمراہ سرمایہ کاری کا ایک پروگرام ہے—جن میں سے 65% کا قیام یا رہنمائی خواتین اور/ یا اقلیتوں کی جانب سے کی گئی ہے۔ SSBCI فنڈز اس براہ راست سرمایہ کاری فنڈ پروگرام کو مزید سرمایہ فراہم کریں گے۔

اگلے 90 دنوں میں، امپائر سٹیٹ ڈویلپمنٹ، پروگرام کے اضافی معیار اور رہنما اصول تیار کرے گا، جس میں موسمِ خزاں میں رسمی پروگرام کے لیے مخصوص درخواست کی کارروائیوں کا اعلان کیا جائے گا۔

مزید معلومات کے لیے، براہِ کرم esd.ny.gov/ssbci ملاحظہ کریں ۔

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418

ان سبسکرائب کریں